**09.01.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں کلیم احمد

-------------------------------

**Music**

☆ دلّی کے لیفٹننٹ گورنر وی کے سکسینہ نے دلّی اسمبلی تحلیل کردی ہے۔ وزیر اعلیٰ آتشی نے اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا ہے۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ CAG رپورٹ دلّی اسمبلی کی پہلی نشست میں پیش کی جائے گی۔

☆ چھتیس گڑھ کے بیجاپور ضلعے میں 12 نکسلی حفاظتی دستوں کے ساتھ ایک مڈبھیڑ میں مارے گئے ہیں۔

☆ امریکہ نے حماس سے کہا ہے کہ وہ فوری طور پر اسرائیل کے تمام یرغمالیوں کو رہا کردے۔

☆ آج کٹک کے Barabati اسٹیڈیم میں بھارت اور انگلینڈ کے درمیان دوسرا ایک روزہ میچ کھیلا جارہا ہے۔ دونوں ٹیموں کے درمیان مجموعی طور پر تین میچ کھیلے جائیں گے۔

-------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے

**ATISHI - RESIGNATION**

دلّی کی وزیرِ اعلیٰ آتشی نے اسمبلی انتخابات میں عام آدمی پارٹی کی کراری شکست کے بعد آج صبح لیفٹننٹ گورنر وی کے سکسینہ کو اپنا استعفیٰ دے دیا ہے۔ البتہ آتشی کالکاجی سے دوبارہ کامیاب ہوگئی ہیں۔

آتشی نے گذشتہ سال ستمبر میں ، اُس وقت وزیر اعلیٰ کا عہدہ سنبھالا تھا، جب عام آدمی پارٹی کے کنوینر اور وزیر اعلیٰ کیجریوال نے بدعنوانیوں کے متعدد الزامات کی وجہ سے اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا تھا۔

اِسی دوران دلّی کے لیفٹننٹ گورنر وِنے کمار سکسینہ نے قومی راجدھانی دلّی میں ساتویں قانون ساز اسمبلی کو 8 فروری سے تحلیل کردیا ہے۔ x

**BJP WIN**

بھارتیہ جنتا پارٹی BJP نے دلّی اسمبلی انتخابات میں شاندار جیت حاصل کرتے ہوئے 27 سال کے بعد اقتدار میں واپس آئی ہے۔ اُس نے کل دلّی اسمبلی چناؤ میں حکمراں عام آدمی پارٹی کو شکست دی۔

بی جے پی نے 70 حلقوں والی دلّی اسمبلی کی 48 سیٹیں جیتی ہیں اور وہ قومی راجدھانی میں نئی سرکار تشکیل دینے کے لیے تیار ہے۔ دوسری طرف، عام آدمی پارٹی کو 22 سیٹیں ملی ہیں، جبکہ کانگریس ایک سیٹ بھی نہیں جیت پائی ہے۔x

**REV PM - BJP DELHI**

جناب مودی نے پارٹی کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دلّی اسمبلی کی پہلی نشست میں CAG کی رپورٹ پیش کی جائے گی ۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ دلّی اسمبلی چناؤ کے نتائج BJP کی ڈبل انجن سرکار میں ملک کے اعتماد کا ثبوت ہیں۔ کل نئی دلّی میں پارٹی ہیڈکوارٹرس میں BJP کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے قومی راجدھانی کو نئی بلندیوں تک لے جانے کیلئے پارٹی پر اپنا اعتماد ظاہر کرنے کے لیے دلّی کے عوام کا شکریہ ادا کیا۔

وزیر اعظم نے یہ بھی کہا کہ دلّی میں اب عالمی معیار کا شہری بنیادی ڈھانچہ تعمیر کیا جائے گا۔

وزیر اعظم نے عہد کیا کہ ناری شکتی کے لیے کیے گئے ہر وعدے کو پورا کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ خاتون ووٹرس BJP کے لیے ڈھال بن گئی ہیں۔

جناب مودی نے زور دے کر کہا کہ NDA کا مطلب بہتر حکمرانی اور ترقی ہے۔ عام آدمی پارٹی پر نکتہ چینی کرتے ہوئے جناب مودی نے دعویٰ کیا کہ رشوت ستانی مخالف پارٹی، بدعنوان پارٹی میں تبدیل ہو گئی ہے۔

اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے BJP کے صدر جے پی نڈّا نے کہا کہ دلّی اسمبلی کے نتائج ظاہر کرتے ہیں کہ وزیر اعظم نریندر مودی، دلّی کے لوگوں کے دلوں میں بستے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جناب مودی نے ملک کی سیاست کو پوری طرح بدل دیا ہے۔x

**PPC - 2025**

وزیر اعظم نریندر مودی کی طرف سے شروع کردہ ''پریکشا پہ چرچہ'' کا کُل آٹھواں پروگرام ہوگا۔ یہ پروگرام نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں ہوگا۔ پروگرام کیلئے تمام ریاستوں اور مرکز کے انتظام والے علاقوں سے 36 طلباء کا انتخاب کیا گیا ہے، جو براہ راست وزیر اعظم سے بات چیت کریں گے۔ x

## CHHATTISGARH - ENCOUNTER

چھتیس گڑھ میں حفاظتی دستوں کے ساتھ جاری مڈبھیڑ میں کم سے کم 12 ماؤ نواز مارے گئے ہیں۔ مارے گئے ماؤ نوازوں کی لاشیں برآمد کرلی گئی ہیں۔ اِس جھڑپ میں سکیورٹی عملے کے دو افراد کی جانیں بھی تلف ہوگئیں اور دو دوسرے زخمی ہوئے ہیں۔

بیجاپور ضلعے کے نیشنل پارک کے جنگلوں میں آج صبح سے یہ جھڑپ جاری ہے اور رُک رُک کر گولی باری ہورہی ہے۔ علاقے میں مزید کمک بھیج دی گئی ہے۔ موقعے سے بڑی تعداد میں ہتھیار اور گولہ بارود برآمد ہوا ہے۔ علاقے میں تلاش کا کام جاری ہے۔ x

## J&K - SDMK - BNSS

جموں و کشمیر کے ریاسی ضلعے کے کٹرا میں شراب اور گوشت جیسی اشیاء خوردنی کی فروخت ، انہیں قبضے میں رکھنے اور استعمال پر پابندی دو مہینے تک بڑھا دی ہے۔ کٹرا ماتا ویشنو دیوی کے درشن کیلئے جانے والے یاتریوں کا بنیادی کیمپ ہے۔ سب ڈویژنل مجسٹریٹ نے بھارتیہ ناگرِک سُرکشا سنہیتا کی دفعہ 163 کے تحت یہ فیصلہ کیا ہے۔ حکم کے مطابق اِس پابندی کا اطلاق کٹرا سے 12 کلومیٹر دور تک Trikuta کی مقدس گپھا اور ملحقہ علاقوں میں ہوگا۔ x

## DEFENCE CONTRACT

وزارتِ دفاع نے بھارت الیکٹرونکس لمیٹڈ کے ساتھ ایک سمجھوتہ پر دستخط کئے ہیں۔ یہ سمجھوتہ ساحلی گشت کے کام آنے والے 11 نئی طرز کے جدید ترین بحری جہازوں اور کیڈٹس کی تربیت کے تین بحری جہازوں کیلئے 28 ای او این-اکیاون نظام کی سرکاری خرید کی غرض سے کیا گیا ہے۔

یہ سمجھوتہ 642 کروڑ روپئے سے زیادہ مالیت کا ہے۔ EON اکیاون ایک الیکٹرو آپٹیکل فائر کنٹرول نظام ہے، جو الیکٹرو آپٹیکل اور تھرمل Imagers آلات کے استعمال کے ذریعہ اہداف کی تلاش اور اس کا پتہ لگانے نیز درجہ بندی کا کام انجام دیتا ہے۔ اس اقدام کی بدولت تین سال کی مدت کے دوران روزگار کے مواقع پیدا کرنے میں مدد ملے گی اور ایم ایس ایم ایز سمیت مختلف بھارتی صنعتوں کی سرگرم شرکت کی بھی حوصلہ افزائی ہوگی۔x

## REV WORLD BOOK FARE

نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں جاری 52 واں عالمی کتاب میلہ آج اختتام پذیر ہورہا ہے۔ نیشنل بک ٹرسٹ اور انڈیا ٹریڈ پرموشن کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے اس 9روزہ کتاب میلے کا افتتاح صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے

کیا تھا۔ اس کتاب میلے میں تقریباً دوہزار پبلشرز اور ایک ہزار اسپیکر نے شرکت کی ہے۔

بھارت کے جمہوری ملک بننے کے 75سال پورے ہونے کے موقع پر منعقد کئے جانے والے اس 52 ویں کتاب میلے کا موضوع تھا: ''ہم بھارت کے لوگ'' اور اس میں روس کو میلے کے مرکزی ملک کا درجہ حاصل تھا۔ اس نو روزہ کتاب میلے میں فرانس، ارجنٹینا، اسپین اور کولمبیا سمیت پچاس سے زیادہ ملکوں نے شرکت کی۔

میلے میں تعلیمی کتابوں اور ناولوں سے لے کر سوانح عمری اور کارٹون کی کتابوں سمیت مختلف موضوعات کی کتابیں نمائش کے لئے پیش کی گئیں۔

اس عظیم کتاب میلے میں ادیبوں کے مباحثے، کتابوں کا اجراء ، ادبی نشستیں، ثقافتی پروگرام وغیرہ بھی منعقد کئے گئے۔x

## MAHAKUMBH - JAL JEEVAN MISSION

پریاگ راج میں جاری مہاکنبھ میں جل جیون مشن پویلین بنایا گیا ہے تاکہ دیہی زندگی پر اِس مشن کے اثرات کی عکاسی کی جاسکے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ اِس پویلین میں وزیر اعظم نریندر مودی کی زیرِ قیادت ملک کے دیہی علاقے میں رونما ہونے والی تبدیلیوں کی جھلک بھی پیش کی گئی ہے۔

## US HAMAS

امریکہ کے وزیر خارجہ Marco Rubio نے حماس سے کہا ہے کہ وہ تمام اسرائیلی یرغمالیوں کو فوری طور پر رہا کردیں۔ اُن کی اِس اپیل سے پہلے حماس نے تین یرغمالیوں کو رہا کیا تھا، جو 490 دن سے اُس کے قبضے میں تھے۔ اِن یرغمالیوں کو حماس نے سات اکتوبر 2023 کو اسرائیل کے جنوب میں حملے کے دوران اپنے قبضے میں لیا تھا۔ x

## PARIS AI SUMMIT

فرانس کی راجدھانی / پیرس میں کل سے شروع ہونے والی AI سے متعلق دو روزہ ایکشن سمٹ 2025 میں عالمی رہنماؤں/صنعتی لیڈروں اور محققین کے یکجا ہونے کے ساتھ ہی فرانس AI حکمرانی کا عالمی مرکز بننے کے لیے پوری طرح تیار ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی / فرانس کے صدر امینول میخواں کے ساتھ مصنوعی ذہانت AI سے متعلق اس چوٹی کانفرنس کی مشترکہ صدارت کے لیے کل پیرس کے لیے روانہ ہوں گے۔ ہمارے نامہ نگار کے مطابق چوٹی کانفرنس کا مقصد اخلاقی ذمہ داری کو ملحوظِ خاطر رکھتے ہوئے اور اختراع کو یقینی بناتے ہوئے AI سے متعلق عالمی

پالیسیوں کو تشکیل دینا ہے۔x

## CRICKET

کٹک کے Barabati اسٹیڈیم میں بھارت اور انگلینڈ کے درمیان دوسرا **ایک** روزہ بین الاقوامی کرکٹ میچ جاری ہے۔ اب سے کچھ دیر پہلے **تک** انگلینڈ نے 38 رَن بنا لئے تھے اور اس کا کوئی کھلاڑی آؤٹ نہیں ہوا تھا۔
دونوں ملکوں کے درمیان مجموعی طور پر تین **ایک** روزہ بین الاقوامی میچ کھیلے **جائیں** گے۔ ×

## PARA ARCHERY ASIA CUP

تھائی لینڈ میں جاری **Para Archery** یعنی معذوری سے متاثرہ تیرانداز افراد کے ایشیا **کپ** میں آج بھارت کے تیر**اندا**زوں نے Recurve-Open اور کمپاؤنڈ اوپن زمرے کے مکسڈ ٹیم مقابلوں میں سونے کے **مزید** دو تمغے حاصل کئے۔ اس کے ساتھ ہی بھارت نے اب **تک** سونے کے چار اور چاندی کے دو تمغوں سمیت کُل چھ تمغے حاصل کر لئے ہیں۔
کُل بھارت کے تیرانداز، سونے کے تین تمغوں کے لئے **انفرادی فائنل** مقابلوں میں حصہ لیں گے۔××

## TENNIS MUMBAI OPEN

ممبئی اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں آج بھارت-ہالینڈ کی جوڑی پرارتھنا تھومبارے اور Arianne Hartono کا مقابلہ خواتین کے ڈبلز کے **فائنل** میں روس کی جوڑی اینا انشبا اور Elena Pridanika سے ہوگا۔ یہ میچ شام 5 بجے شروع ہوگا۔ X

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆